# باہم مل کر ترقی کرنا

# کورس 101

# بائبل مقدس کا جائزہ



"اور وہ اُس کو باہر لے گیا اور کہا کہ اب آسمان کی طرف نگاہ کر اور اگر تو ستاروں کو گن سکتا ہے تو گن اور اُس سے کہا کہ تیری اولاد ایسی ہی ہوگی"۔ (پیدائش 15:5)

www.ProgressingTogether.com
info@progressingtogether.com
November 2022

# کورس 101 - بائبل مقدس کا جائزہ
# خُدا کا مسیح میں تمام قوموں کو برکت دینے کا منصوبہ

## کورس 101 کے مقاصد

1- مسیح کے وسیلہ سے خُدا کی مخلصی کی کہانی کو باہم ملا کر دیکھنا۔

2- یہ سمجھنا کہ ابرہام کے ساتھ خُدا کا کیا ہوا وعدہ مسیح میں کیسے پورا ہوا۔

3- کلام پر خُدا کی وفاداری اور اس کی برکتوں پر اپنے اعتماد میں اضافہ کرنا۔ اُن کے لئے جو اپنی نجات کے لئے مسیح پر بھروسہ کرتے ہیں۔

4- تمام لوگوں تک انجیل کا پیغام پھیلانے کے وسیلہ سے خُدا کی برکت کے جاری منصوبے کی تکمیل میں شریک ہونے کی ترغیب پانا۔

## اسباق

| | |
|---|---|
| ❶ | خُدا کا ابرہام سے وعدہ : تمام قوموں کے لیے برکت |
| ❷ | عہد عتیق کی تاریخ پر مبنی خاکہ |
| ❸ | اناجیل : عینی شاہدین کے مسیح موعود کے آنےکے بیانات |
| ❹ | اعمال اور ابتدائی کلیسیاء : زمین کی انتہا تک یسوع مسیح پر ایمان لانے کے لیے منادی |
| ❺ | خطوط : کلیسیاء کے لئے تعلیم |

## تعارف

اس کورس کا مقصد پوری بائبل مقدس کا تجزیہ پیش کرنا ہے۔ خُداوند یسوع نے خود ہمیں یہ کنجی ہمیں دی جب اس نے کہا "تم کتاب مقدس میں ڈھونڈتے ہو ،کیونکہ سمجھتے ہو کہ اس میں ہمیشہ کی زندگی تمہیں ملتی ہے اور یہ وہ ہے جو میری گواہی دیتی ہے۔ پھر بھی تم زندگی پانے کے لئے میرے پاس آنا نہیں چاہتے۔" ( یوحنا 5: 39-40) اس نے یہ بھی کہا "ضرور ہے کہ جتنی باتیں موسیٰ کی توریت اور نبیوں کے صحیفوں اور زُبور میں میری بابت لکھی ہیں پوری ہوں۔ پھر اس نے ان کا ذہن کھولا تاکہ کتاب مقدس کو سمجھیں (لوقا 24: 44-45) جب اس نے موسیٰ کی شریعت ، انبیا اور زبور کی بات کی تو یسوع کا اشارہ تمام پرانے عہد نامے کی جا نب تھا ۔ کیونکہ اس کے زمانے میں یہودیوں نے عہد عتیق کو اِن تین حصوں میں تقسیم کیا ہوا تھا۔ یسوع عہد عتیق کو پورا کرنے کے لیے ایا اور لگاتار اپنی تعلیم میں اس کا حوالہ دیا کرتا تھا۔

➢ **اِس پوری بائبل مقدس کا مرکزی خیال ایک نجات دہندہ بھیجنے کے لیے خُدا کا منصوبہ تھا ، جو خُداوند یسوع مسیح ہے۔**

آج بائبل مقدّس کے بہت سے ترجمے عہد عتیق کی 39 کتابوں پر مشتمل ہیں، جو ذیل ہیں

| | | |
|---|---|---|
| ✓ | مُوسیٰ کی شریعت کی کتابیں | پیدائش تا استثنا |
| ✓ | تاریخ پر مبنی کتابیں | یشوع تا آستر |
| ✓ | شاعری کتابیں | ایوب تا غزالغزلات |
| ✓ | پیش گوئی کی کتابیں | یسعیاہ تا ملاکی |

عہد جدید کی 27 کتابوں میں اناجیل اور رسولوں کے اعمال جو تاریخی نوعیت کی کتاب ہے ، رُومیوں سے یہودا ہ جو کلیسیائی تعلیم پر مبنی خطوط ہیں ، اور مکاشفہ جو نبوّت کی کتاب ہے یعنی یسوع مسیح کی جلالی آمد سے متعلق ہے۔

یسوع نے عہد جدید کی تحریر کا راستہ اس وقت تیار کیا جب اس نے اپنے بارہ رسولوں کو بطور عینی شاید منتخب کیا جو اُس کی تعلیم کو محفوظ اور منتقل کرتے تھے ۔

(یوحنا 15: 26-27)۔

اُس نے ان چیزوں کو یاد رکھنے اور انکو تحریر کرنے کی مدد کے لیے اپنا روح القُدس بھی بھیجا ۔ (یوحنا 14: 26) کلیسیاء رسولوں کی تعلیم پر بنائی گئی ہے(افسوں 2: 20)

➢ **بائبل مقدس ایک مکمل مجموعہ ہے جس کا مرکز خُداوند یسوع مسیح ہے۔**

✓ عہد عتیق میں بڑی تفضیل سے یسوع مسیح کے آنے کی پیشن گوئیاں کی گئی ہیں۔
✓ اناجیل اس کے آنے کی چشم دید گواہ ہیں۔
✓ باقی عہد جدید جسے عینی شاہدین نے تحریر کیا ، کلیسیاء کی ابتدا اور تعمیر کے بارے میں بتاتا ہے،جب رسولوں نے خُداوند یسوع مسیح میں نجات کی خوشخبری سنائی اور وہ سب کچھ سکھایا جو یسوع مسیح نے اُنھیں سکھایا تھا۔

## تعارفی کہانی

آپ کے گروپ کا رہنما آپ کو اس کورس کے عنوان سے متعلق کوئی گواہی دیکھنے یا سننے کو کہے گا۔

# سبق 1: خُدا کا ابرہام سے وعدہ

## تمام لوگوں کی برکت

نام :

تاریخ:

## سبق کے مقاصد

1 آپ اِس قابل ہو جائیں کہ بائبل مقدس کی کتابوں کے بڑے حصوں میں امتیاز کرسکیں ۔ (تعارف سے)
2 خُدا کے فضل اور مفت نجات کے وعدے کے لئے خُدا کی تمجید کرنے اور اعتماد و ایمان کے ساتھ ان کا دعویٰ کرنا۔
3 لوگوں کو استعمال کرنے کے لیے خُدا کی خواہش کی ستائش کرنا ، جن کو وہ بلاتا ہے تاکہ ابرہام کی برکت تمام لوگوں تک پھیلائیں ۔
4 طلباء کی حوصلہ افزائی کرنا تاکہ وہ اپنی زندگی میں خُدا پر بھروسہ کریں اور جب بھی وہ اُنھیں کچھ کرنے کو کہے تو فوراً عمل کریں۔

☐ پیدائش کے پہلے ابواب میں ، موسیٰ کائنات کی تخلق ، بنی نوع انسان کا گناہ میں گرنا، نوح کے دور کے طوفان اور بابل کا برج کے بارے میں بیان کرتا ہے جہاں خُدا نے بنی نوع انسان کو مختلف اقسام لوگوں میں تقسیم کیا اور زمین پر مختلف جگہوں میں پھیلا دیا ۔ پھر ہم ابرہام کی زندگی کی بڑی تفصیل پڑھتے ہیں ، بنی نوع انسان کے لئے ایک نجات دہندہ بھیجنے کے لئے خُدا کے منصوبے کا ایک اہم شخص ۔

📖 پیدائش١: ١-٦، ٢١ :١-۵اور رُومیوں ۴: ١ -۵، ٦١-۵٢ پڑھیں

✎ پیدائش ٢١: ٢-٣ میں ابرہام سے کیے گئے خُدا کےعہد میں وعدوں کی فہرست ہمارے پاس موجود ہے۔ خُدا نے ابرہام کے لئے کونسا خاص کام کرنے کا وعدہ کیا تھا؟

---

✎ ابرہام کے علاوہ خُدا نے کن تین گرہوں کو برکت دینے کا وعدہ کیا؟

.1
.2
.3

---

✎ جب پیدائش٢١: ١ -۵ میں خُدا ابرہام کو بلاتا ہے ، تو کیا وہ کوئی شرط رکھتا جس کو پورا کر کے ابرہام خُدا کے وعدہ کے مطابق فائدہ اٹھا سکے۔ اپنے جواب کی وجوہات بتائیں۔

---

وضاحت کریں کہ ابرہام خُدا کے حضور راستباز بن کر ہمارے لئے مثال کس طرح قائم کرتا ہے ۔ (پیدائش ۵۱: ٦-۱) ۔

---

ابرہام کس معجزئے سے قائل ہوا کہ خُدا اُسے پُورا کر سکتا ہے؟ ( رومیوں۴: ۹۱ -۱۲)

---

ابرہام کے ایمان کی مثال کی پیروی کرتے ہوئے ہم کس طرح سے خُدا پر ایمان رکھ سکتے ہیں کہ وہ ہمارے لئے راستبازی کا گِنا جائے۔ (رُومیوں ۴: ۵۲-۳۲)

---

جو کچھ آپ نے پڑھا ہے اس کی بنیاد پر درج ذیل بیانات پر درست کا نشان لگائیں

- ☐ خُدا نے ابرہام ہی کی اولاد سے برکت کا وعدہ کیا۔
- ☐ خُدا چاہتا تھا کہ ابرہام دوسروں کے لئے برکت کاباعث ہو۔
- ☐ ابرہام تمام لوگوں کے لئے لعنت ہو گا۔
- ☐ خُدا نے ابرہام سے وعدہ کیا تھا جو ساری زمین کے لوگوں کے لیے ہے۔
- ☐ ابرہام کی مثال کے ذریعے ہم اچھے کام کر کے خُدا کا فضل حاصل کر سکتے ہیں۔
- ☐ ابرہام نے خُدا کا یقین کیا کہ اس کی اولاد آسمان کے ستاروں کی مانند ہوگی۔

---

## اختیاری سرگرمی

1 خُداوند کے وعدوں پر بھروسہ کرنے کے لئے ستائش کا گیت یاد کریں۔

Trust in You, Lauren Daigle
You Are My Hiding Place
In God We Trust, Hillsong
Abraham's Faith, Alison Southall

2 اس ویڈیو کو دیکھیں ، ابرہام کی کہانی دوبارہ دوہراتے ہوئے ۔ پھر بحث کریں کہ خُدا آپ سے اِس بھروسا پر قائم رہنے کے لیے کیا چاہتا ؟ آپ کو کیا کچھ پیچھے چھوڑنے کی ضرورت ہے؟

## اطلاق

1 کچھ وقت دُعا میں گزرئےاور خُدا سے کہیں کہ آپکو ابراہا م جیسا مظبوط ایمان دے۔ اگر آپ نے اپنی زندگی کے کسی حصہ میں خُدا پر شک کیا ہے یا اس کے بلاوئے پرعمل کرنے سے انکار کیا ہے تو خُدا کے سامنے اس کا اعتراف کریں اور اِن پر چلنے کا فیصلہ کریں۔

2 کیا آپ ایک لمبے عرصے سے انتظار کر رہے ہیں کہ خُدا کسی خاص صورتحال میں مداخلت کرے۔ یا خُدا نے آپ سے ایسا کام کرنے کو کہا ہے جو آپ کو ناممکن لگتا ہے؟ (اگر کسی شخص نے شئیر کیا ہے تو ،اُس کے لئے سب مل کر دُعا کریں)۔

3 ایک دوسرے کے ساتھ اپنا تجربہ شیئر کریں جس میں آپ نے خُدا کے وعدوں پر بھروسا کیا ہے ۔
4 آنے والے دنوں میں اپنے کانوں کو کھولیں کہ خُدا آپ سے کیا چاہتا ہے کہ آپ کریں ، اپنے ایمان کو عملی جامہ پہنایں

## شیئرکریں

اس ہفتہ آپ نے جو کچھ اِس سبق میں سے سیکھا اُسے دوسروں کو بتائیں ۔ آپ یہ سب کسی دوسرے کے ساتھ دوبارہ دہرا سکتے ہیں ۔

✧

# سبق 2 : عہد عِتیق کا خاکہ

## نسلِ ابرہام کی کہانی اور مسیحا ونجات دہندہ کی ضرورت

نام : ____________ تاریخ: ____________

## سبق کے مقاصد

1- عہد عتیق کے اہم واقعات کی ترتیب کو با معنی بنانا کہ یہ کس طرح سے مسیح ہمارے نجات دہندہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔

2- یہ سمجھنا کہ پرانے عہدنامہ میں خُدا کے لوگ ناکام ہو چکے تھے اور تمام انسانیت کو خُدا کے عہد اک احترام کرنا ضروری تھا۔

3- خُدا کی راست بازی پر پورا اترنے میں ہماری اپنی ناکامی اور خُدا کے فضل کی ضرورت کوجاننا ۔

4- طلبا کو حفظ کرنے اور دوسروں کو عہد عتیق کی کہانی بتانے کے لیے حوصلہ افزائی کرنا۔

✧

## آپ کی پیش رفت کیسی ہے ؟

1- پچھلے سبق کے اہم نکات کیا تھے ؟

2- جوکچھ آپ نے سیکھا ہے جب آپ نے اسے دوسروں کو بتایا تو آپ کو کیا پتہ چلا ؟

3- ان تعلیمات کے نتیجے میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی رونما ہوئی؟

## اعمال 7 اور استثنا 9:1-6 پڑھیں

ا عمال 7 باب میں اِستفنس نے عہد عتیق کی تاریخ کا خلاصہ پیش کیا ہے۔ ذیل میں دئیے گئے درست ناموں سے خالی جگہ پُر کریں

### (ابرہام) داوُد، اضحاق، یعقوب، یُوسف، یشوع، سلیمان، موُسیٰ

خُدا ابرہام پر ظاہر ہوا اور اسے حکم دیا کہ وہ اپنا ملک چھوڑے اور اس سر زمین پر چلا جائیے جو خُدا اسے دیکھائے گا۔ (3 – 2 آیت)

ابرہام ____________ کا باپ بنا ۔ ( 8 آیت)

اضحاق____________ کا باپ بنا، جسے اسرائیل بھی کہاجاتا ہے۔اُس کے بارہ بیٹے پیدا ہوئے۔ (8 آیت)

________ کو اُس کے بھائیوں نے اسے مصر میں غلام کی حیثیت سے بیچا۔ (9آیت) بعد میں وہ قحط کے دوران اپنے باپ اور بھائیوں کومصرمیں لانے کے قابل ہوا۔

________________اور اس کی اُولاد 400 سال تک مصر کی غلامی میں رہی اورکثیر التعدادہو گئے (17آیت) لیکن اس وقت کے آخر تک مصریوں نے ان کے ساتھ بُرا برتاو رکھا۔ (18-19آیت)

خُدا ____________ پر جلتی جھاڑی میں ظاہر ہوا اور اسے حکم دیا کہ وہ اسرائیل کے لوگوں کو مصر سے نکالے گا۔ ( 30-34آیت)

_____________نے اسرائیل کے لوگوں کو وعدہ کی سرزمین لے جانے میں رہنمائی کی ۔ (45آیت)

اسرائیل کا بادشاہ بنا اور خُدا کے لئے مسکن بنانا چاہتا تھا۔ (46-45آیت)

لیکن خُدا نے اسے اس کی اجازت نہیں دی مگر اس کے بیٹے ___________نے ہیکل بنائی۔(47آیت)

---

جب خُدا اپنے لوگوں کو یشوع کی قیادت میں وعدہ کی سر زمین میں لایا ، تو اسرائیل کو زمین دینے کے لئے اُس نے اُن قوموں کو کیوں ختم کیا جو وہاں رہتے تھے ، (استثنا 9: 1-6) ۔

---

اعمال 7: 51 - 53 اِستفنس نے اپنی تقریر میں یہودی حکمران مجلس کے سامنے اسرائیل کی تاریخ اتنی زیادہ تفصیل سے کیوں بتائی ؟

---

استفنس نے مجلس کے آگے اپنے بیان کا اظہار کس طرح سے کیا ؟ (اسی طرح کا اظہار استثنا 9 باب میں کیا گیا ہے)۔

---

اس طرح کے اظہار ر کا مطلب کیاہے؟

---

وہ راستباز کون ہے جس کے متعلق اسرائیل کے نبیوں نے پیش گوئیاں کی تھیں ؟ استفنس نے ان پر اس کے ساتھ کیا کرنے کا الزام لگایا ۔(آیت 52)

---

آیت 42 – 43 میں اِستفنس، عاموس نبی کا حوالہ دیتا ہے جو سلیمان بادشاہ کے بہت عرصے بعد اسرائیل میں رہا کرتا تھا۔ ۔ اس نے اسرائیل پر خُدا کی آنے والی عدالت کی پیش گوئی کی ۔ وہ سب کچھ پورا ہوا جو خُدا نے اپنے بندہ عاموس اور دوسرے انبیاء کے ذریعہ سے نبوت کی تھی ۔ اور اسرائیل بابل کی اسیری میں چلا گیا۔ اگلی چھ صدیوں تک یسوع مسیح کی پیدائش تک اسرائیل کے باقی لوگ اپنی سر زمین پر بہت کم تعداد میں اور مختلف غیر ملکی طاقتوں کے تسلط میں رہتے تھے۔

سااِستفنس کے دئیے گئے حوالے کے مطابق خُدا نے اسرائیل کو اسیری میں کیوں رہنے دیا؟(عاموس5:25-27)

# اختیاری سرگرمی

عہد عتیق کی کہانی کو حفظ کریں۔ اگلے صفحے پر دی گئی تصاویر کاٹیں اور دوبارہ کہانی بیان کرنے کے لئے اِن کا استعمال کریں۔

1۔ خُداابرہام پر ظاہر ہوا اور اسے حکم دیا کہ وہ اپنا ملک چھوڑے اور اس سر زمین کی طرف چلا جائے جو خُداوند اسے دکھائے گا۔

2۔ابرہام اضحاق کا باپ بنا

3۔ اضحاق یعقوب کا باپ بنا

4۔ اس کے بارہ بیٹے پیدا ہوئے

5۔ یوسف غلام کی حیثیت سے اپنے بھائیوں کےہاتھوں مصر میں بیچا گیا۔

6۔ بعد میں وہ قحط کے دوران اپنے باپ اور بھائیوں کو مصر میں لانے کے قابل ہوا۔

7۔ یعقوب اور اس کی اولاد 400 سال تک مصر میں رہے۔ اور کثیر التعدادہو گئے۔

8۔ لیکن اس دوران اور آخر تک مصریوں نے ان کے ساتھ بہت بُرا بر تاؤ کیا۔

9۔ خُدا مُوسیٰ پر جلتی جھاڑی میں ظاہر ہوااور اسےحکم دیا کہ وہ اسرائیل کے لوگوں کو مصر سے نکالے ۔

10۔ یشوع نے اسرائیل کے لوگوں کو وعدے کی سر زمین لے جا نے میں رہنمائی کی ۔

11۔ داود اسرائیل کا بادشاہ بنا اور خدا کے لئے مسکن بنانا چاہتا تھا ، لیکن خُدا نے اُسے اِس بات کی اجازت نہیں دی۔

12۔ اس کے برعکس اُس کے بیٹے سلیمان نے ہیکل بنائی۔

13۔ بہت سالوں بعد ، خُدا کے بنیوں نے اسرائیل پر آنے والی عدالت کا اعلان کیااور انھیں بابل کی اسیری میں جانا پڑا ۔

14۔ نبیوں نے راستباز مسیحا کے آنے کی پیش گوئیاں کی تھیں۔

15۔ اگلی چھ صدیں یسو ع مسیح کی پیدائش تک، اسرائیل کے باقی لوگ اپنی سرزمین میں بہت کم تعداد میں اور مختلف غیر ملکی طاقتوں کے تسلط میں رہے تھے۔

## اطلاق

1- دُعا کریں کہ خُدا آپ کی رہنمائی کرے کیونکہ آپ اپنی زندگی میں اُس کی راستبازی کے مطابق زندگی گزرانے میں ناکام رہے۔ خُدا سے اس کا اعتراف کریں اور اس سے کہیں کہ وہ آپ کو معاف کرے۔ پھر ایک جماعت کی صورت میں اُس کے رحم و فضل کے لئے خُدا کی ستائش کریں۔

2- اسرائیل کے لوگوں کی تاریخ میں اکثر بت پرستی اور بغاوت کا ذکر ملتا ہے۔ آپ اپنی قوم میں کس طرح کی بت پرستی اور بغاوت کو دیکھتے ہیں؟ اپنی قوم اور اس کے حکمرانوں کے لئے کچھ وقت دُعا کریں۔
( 1 تیمتھیس 2- 1 : 2)

3- عہد عتیق کی کہانی کے ذریعے ہم دیکھتے ہیں کہ خُدا قوموں کی تاریخ میں بار ہا مدا خلت کرتا ہے۔ یہ ہمیں خُدا کے بارے میں کیا سکھاتی ہے؟ یہ آپ کے موجودہ واقعات کو دیکھنے کے انداز کو کیسے تبدیل کرتی ہے - آنے والے دنوں میں جیسے آپ خبریں دیکھتے ہیں ، اسے یاد رکھیں اور پیش کی گئی صورتحال کے لئے دُعا کریں -

## شیئرکریں

اس ہفتہ جو کچھ آپ نے سیکھا ہے اُسے دوسروں کے ساتھ شئیر کریں - آپ کسی اور کے ساتھ دوبارہ سبق دوہرا سکتے ہیں

✧

نیچے دی گئی تصاویر کاٹ دیں اور ان کی مدد سے عہد عتیق کی کہانی کو دوبارہ بیان کریں۔


















# سبق 3 : اناجیل

## یسوع مسیح کے بارے میں عینی شاہدین کے بیانات

نام ________________________ تاریخ:________________________

## سبق کے مقاصد

1- آپ اس قابل ہو جائیں کہ یسوع مسیح سے متعلق عہد عتیق کی 2 – 3 پیشن گوئیاں بیان کر سکیں اور جو یسوع میں پوری ہوئی تھیں ۔

2- یہ جاننا کے یسوع کی موت اور قیامت (جی اٹھنا ) دونوں برابری کی سطح پر نجات دہندہ مسیح کے بارے میں پرانے عہد نامے کی پیشن گوئیوں کی تکمیل تھیں۔

3- یسوع کی موت اور جی اُٹھنے کے عینی شاہدین یعنی رسولوں کی طاقتور گواہی سے ایمان میں حوصلہ افزائی کرنا۔

4- خاندان کے افراد ، پڑوسیوں ، دوستوں اور ساتھیوں کے لیے دُعا کرنا تاکہ وہ کلام سننے کے لئے اپنے دلوں کو کھلا رکھیں۔

✧

## آپ کی پیش رفت کیسی ہے ؟

1- پچھلے سبق کے اہم نکات کیا تھے ؟

2- جوکچھ آپ نے سیکھا ہے جب اِسے دوسروں کے ساتھ شئیر کیا تو کیا ہوا؟

3- اِن تعلیمات کے نتیجے میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟

## پڑھیں متی1: 18 - 2: 23 اور لوقا 24: 13-49

فرشتہ نے یُوسف کو کیوں بتایا کہ مریم سے پیدا ہونے والے بچے کا نام' یسوع' رکھنا۔ ( متی۱: ۱۲)

---

سردار کاہن اور شرع کے علم کس طرح ہیرودیس کو یہ بتانے کے قابل ہوئے کہ مسیح بیت لحم میں پیدا ہوگا۔ ( متی ۱: ۸۱ ، ۲: ۳۲)

---

متی ۱: ۸۱ ، ۲: ۳۲ کے اِن اقتباسات پر مبنی حوالوں کی فہرست بنائیں جو عہد عتیق میں یسوع مسیح کی آمدپر پورے ہوئے ۔ ہر حوالہ میں سے نوٹ کریں کہ عہد عتیق میں کیا پیش گوئی کی گئی تھی اور مسیح میں اُس کی تکمیل ہوئی۔ آپکی مدد کے لئے دو مثالیں درجہ ذیل ہیں ۔ آپ کو ایک کراس ریفرنس بائبل کی ضرورت پڑےگی ۔

| متی | عہد عتیق | تکمیل |
|---|---|---|
| ۱: ۱۲ | زبور ۱۳۰ : ۸ اور وہ ہی اسرائیل کا فدیہ دے کر اس کو ساری بدکاری سے چھڑائے گا۔ | یسوع اپنے لوگوں کو ان کے گناہ سے بچائے گا۔ |
| ۱: ۲۲، ۳۲ | یسعیاہ ۷: ۱۴ | |
| ۲: ۵ ، ٦ | میکاہ۵: ۲ بیت الحم سے ایک شخص نکلے گا اور میرئے حضوراسرائیل کا حاکم ہوگااور اس کا مصدر زما نے سابق قدیم الایام سے ہے۔ | |
| ۲: ۱۵ | ہوسیع ۱۱: ۱ اور اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا | |
| ۲: ۱۸ | یرمیاہ ۳۱: ۱۵ | |
| ۲: ۲۳ | زبور ٦۹: ۷۱ کیونکہ تیرے نام کی خاطر میں نے ملامت اٹھا ئی ہے۔ یسعیاہ۹: ۱، ۲ بڑی روشنی دیکھی گلیل کے علاقہ زبولوں اور نفتالی میں | یسوع گلیل کے شہر ناصر ۃمیں بڑا ہوا، ناصرۃ نام حقارت اور شرم کی علامت ہے۔ |

یسوع نے اماؤس کی راہ پر دو شاگردوں کو 'بےوقوف اور دل کے سست ' کیوں کہا ؟ (لوقا ۲۴: ۲۵-۲۷)

---

وہ کون سے عینی شاہدین تھے جن کا حوالہ یسوع یہاں دیتا ہے ۔ (لوقا ۲۴: ۳٦-۳۸ )

---

وہ کن واقعات کے عینی شاہدین تھے؟

---

یہ ہمارے لئے اتنا اہم کیوں ہے؟

## اختیاری سرگرمی

دو دو کی جوڑی بنا کر آپس میں مکالمہ کریں ایک مسیحی اور دوسرا وہ جو کلام سننے کے لیے تیار ہے لیکن ابھی ایمان نہیں لایا ۔ مسیحی اس سبق میں یسوع کی حقیقی شناخت کے بارے سیکھی گئی باتوں سے دوسرے ساتھی کو قائل کرے گا ۔ پھر کردار تبدیل کریں ، کچھ جوڑے اپنے مکالمے پورے گروپ کے سامنے پیش کر سکتے ہیں ۔

## اطلاق

1- خُدا کے کلام کی حمد کرنے میں کچھ وقت گزاریں جس پر پوری طرح بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ اور یسوع کے لئے جو وعدہ کیا ہوا مسیحا ہے، ہمارا نجات دہندہ

2- روحانی معنوں میں اپنے دوستوں، خاندان کے افراد ، ساتھیوں اور پڑوسیوں کے بارے میں سوچیں جو بے وقوف اور دل کے سست ہیں ۔دو یا تین کے جوڑوں میں روح القدس سے دُعا کریں کہ وہ ان کے دلوں میں کام کرے اور وہ کلام پاک سننے کے لیے تیار ہو جائیں ، آنے والے دنوں میں ان لوگوں کے لئے دُعا کرتے رہیں جن کا آپ کے گروپ میں ذکر کیا گیا ہے۔

## شیئرکریں

اس ہفتے جو کچھ آپ نے سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں ۔ آپ کسی اور کے ساتھ دوبارہ سبق دوہرا سکتے ہیں

✧

# سبق 4 : اعمال اور ابتدائی کلیسیاء

## زمین کی انتہا تک یسوع مسیح پر ایمان لانے کی منادی

نام :

تاریخ:

## سبق کے مقاصد

1- یہ جاننا کہ ارشاد اعظم کی تکمیل میں تمام قوموں کو شاگرد بنانا اَصل میں خُدا کا ابرہام کے ساتھ کیے گئے وعدہ کی تکمیل ہے۔

2- پُولُس رُسول کی خدمت اور قوموں کو وعدہ کی خوشخبری کی منادی کے جذبہ کو سمجھنا ۔

3- زمین کی انتہا تک برکت کا اعلان کرنے کے اعزاز کو گلے لگانا ۔

✧

## آپ کی پیش رفت کیسی ہے ؟

1- پچھلے سبق کے اہم نکات کیا تھے ؟

2- آپ نے جو کچھ سیکھا اُسے دوسروں کو بتانے سے کیا رونما ہوا ؟

3- ان تعلیمات کے نتیجے میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟

## پڑھیں اعمال 1: 1-9 اور اعمال 26: 1-32

ابتدائی کلیسیاء میں رسولوں نے یسوع پر ایمان لانے کی منادی زمین کی انتہا تک کی

اعمال 1 : 1-9 کے مطابق یسوع نے اپنے شاگردوں کو روح القُدس ملنے کے بعد کیا کرنے کا حکم دیا؟

---

اپنے الفاظ میں بیان کریں کہ یہ فقرہ کیا معنی رکھتا ہے ''زمین کی انتہا تک ''

---

پہلے سبق میں کیا گیا مطالعہ پیدائش 12: 3 سے کس طرح سے مطابقت رکھتا ہے

---

رسولوں نے یسوع کے حکم کی تعمیل کی اور اس کے نام سے نجات کی منادی کی ۔ بہت سارے ایمان لائے اور کلیسیائیں قائم ہوئیں ۔ (اعمال باب2 اور درج ذیل) ۔ پُولُس رسول نے کلیسیاءوں کے نام بہت سے خطوط تحریر کیے جو عہد جدید میں پڑھے جا سکتے ہیں۔

اعمال ٦٢: ١ -٢٣ میں سے اگرِپا بادشاہ کے سامنے پولُس رسول کی گواہی پڑھیں ۔ (اعمال ٦٢ : ٩ -١١) مسیح کو قبول کرنے سے پہلے مسیحی ایمانداروں کے ساتھ پولس نے کیسا سلوک کیا کرتا تھا ؟

---

وہ کس طرح سے یسوع مسیح کا عینی شاہد تھا ؟ (اعمال ٢٦: ١٢-١٦)

---

خُداوند نے پُولُس کو کیا مشن دیا ۔ (آیت ١٥ - ١٨)

---

پُولُس نے اس مشن کی فرمابرداری میں کیا کیا ؟ ( آیت٩١-٠٢)

---

جو کچھ آپ نے اعمال ٢٦: ١٤-٢٠ میں پڑھا ، وہ اعمال ١: ٨ سے کیسے وابستہ ہے۔

---

پُولُس کے مطابق نبیوں اورموسیٰ نے مسیح کے بارے میں کیا پیش گوئی کی تھی کہ اُس کے ساتھ کیا ہوگا۔ (اعمال ٢٦: ٢٢-٢٣)

پُولُس کی کیا خواہش تھی جب اس نے اگرِپا بادشاہ ، فیستس اور دیگر لوگوں کے سامنے اپنا دفاع پیش کیا ؟

## اختیاری سرگرمی

1. ان دو مختصر ویڈیوز میں سے ایک کو دیکھیں (ہر ایک دو منت سے کم کی ہیں )جس سے یہ تصور ملتا ہے کہ کس طرح کلیسیاء کے آغاز سے لے کر آج تک انجیل کا پیغام پوری دنیا میں پھیل گیا ہے۔ ( تاہم چین اور جنوبی کوریا کی کلیسیاء کی حالیہ ترقی کا ذکر نہیں کیا گیا ہے)

(The Spread of Christianity_Video 1 مسیحت کا پھیلاؤ )

(The Spread of Christianity_Video 2 مسیحت کا پھیلاؤ )

خُدا کا شکر ہے اُن تمام ایمانداروں کے لئے جہنوں نے عمر بھر انجیل کی منادی کی اور دنیا کے اُن حصوں کے لئے دعائیں کی ہیں جہاں آج تک رسائی نہیں ہوئی۔

2. خوشخبری آپ کے ملک اور آپ کے علاقے تک کیسے پہنچی؟ کچھ وقت کے لئے اپنی کلیسیاء کی تاریخ کے بارے میں کچھ شیئر کریں ۔ خُدا کا شکر ادا کریں کہ آپ کی قوم کو اس طرح برکت دی گئی ہے۔

## اطلاق

1. ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کریں کہ آپ نےمسیح کو کیسے جانا ۔ان لوگوں کے لئے خُدا کا شکر کریں جنہوں نے آپ کو انجیل کا پیغام دیا۔
2. ایماندار ہونے کی حیثیت سے آپ کو بھی مسیح کے گواہ ہونے کے لئے روح القدس کی قوت ملی ہے۔ ( اعمال ۱: ۸) آپ اس کے تناظر میں یسوع کے گواہ کیسے ہوسکتے ہیں ؟
3. کیا آپ کو پہلے کےمسیحیو ں کی طرح رکاوٹوں کا سامنا کرناپڑا؟ آپ نے اس تجربے سے کیا سیکھا ؟ اگرآپ کو ایسے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو آج کی کہانی آپ کی حوصلہ افزائی کے لیے ہے۔
4. دو یا تین کے جوڑو ں میں ان تمام لوگوں کے لئے دُعا کریں جن کے لئے آپ نے پُورا ہفتہ دُعا کی ۔ خُدا سے دُعا کریں کہ خُدا آپ کو ان کے سامنے گواہی دینے اور ان کو پاک کلام کی وضاحت کا مواقع فراہم کریں۔ آنے والے دِنوں میں بھی اُن تمام لوگوں کے لیے دُعا کرتے رہیں۔

## شیئرکریں

اس ہفتے جو کچھ آپ نے سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں ۔ آپ کسی اور کے ساتھ دوبارہ سبق دہراسکتے ہیں۔

# سبق 5 : اعمال اور ابتدائی کلیسیاء

## کلیسیاء کے لئےتعلیم

نام ____________________ تاریخ:____________________

## سبق کے مقاصد

1- (شریعت کے کردار کو سمجھنا اور ) نجات حاصل کرنے میں خدا کے فضل پر ایمان کی اہمیت کو جاننا

2- مسیح کے نئے لوگوں کی حیثیت کے ر جلالی عالمگیر کلیسیاء کو وسعت دینا اور سراہنا ۔

3- ایمان کے وسیلہ سے ابرہام کی اولاد کی حیثیت سے اور برکت کے وارث کے طور پر شادمان ہونا اور اپنی شناخت کرانا ، تاکہ آپ دو یا تین برکات کی وضاحت کر سکیں

4- اُس یگانگت کے لیے خُدا کی تعریف کرنا جو مسیح یسوع میں تمام ایمانداروں کے درمیان ہے اور اُس میں ترقی کرنے کے لیے دعا کرنا۔

✧

## آپ کی پیش رفت کیسی ہے ؟

1- پچھلے سبق کے اہم نکات کیا تھے ؟

2- جوکچھ آپ نے سیکھا ہے جب آپ نے اسے دوسروں کو بتایا تو کیا ہوا؟

3- اِن تعلیمات کے نتیجے میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ہے ؟

## گلتیوں ۳: ۶-۲۹ اور اِفسیوں ۲: ۱۱-۲۲ پڑھیں۔

ابرہام کی حقیقی اولاد کون ہیں اور کن معنوں میں وہ اس کی اولاد ہیں ؟ گلتیوں۳: ۶-۷ ، ۲۶ - ۲۹

---

پاک کلام کس طرح سے پیش بینی کرتا ہے کہ خُدا تمام لوگوں کو ایمان کے وسیلہ سے راستباز ٹھہرائے گا ، نہ کہ کاموں کے ذریعہ سے؟ گلتیوں ۳: ۶-۱۲

---

ابرہام کی نسل وہ کون ہے جس کے ذریعہ خدا تمام لوگوں کو برکت دیتا ہے؟ گلتیوں ۳: ۱٦- ۱۹

خدا نے شریعت کیوں دی (یعنی دس احکام وغیرہ)؟ گلتیوں ۳: ۱۹-۲۴

## گلتیوں ۳: ۲٦-۲۹ اور اِفسیوں ۲ : ۱۱ -۲۲ دوبارہ پڑھیں

ابتدائی کلیسیاء کے دور میں کن سماجی گروہوں کے درمیان رکاوٹیں تھیں

خُدا لوگوں کو یسوع میں کیسے متحد کرتا ہے؟

اِن آیات میں وہ کون سی مراعات ہیں جو یسوع مسیح میں تمام ایمانداروں کو حاصل ہو نگی؟

## اختیاری سرگرمی

1. مسیح میں ہماری یگانگت کی خوشی میں حمد کا گیت گائیں، مثال کے طور پر
Keith and Kristyn Oh, How Good It Is, Keith and Kristyn Getty
The Church's One Foundation, Indelible Grace
He reigns, Newsboys
2. بہت سی زبانوں میں گایا ہوا 'مکاشفہ کے گیت' کی مندرجہ ذیل ویڈیوز دیکھیں۔ پھر ثقافتی ، معاشرتی اور سیاسی رکاوٹوں سے بالاتر ہو کر مسیح میں ہمارے اتحاد کےلئے خدا کی تمجید کریں۔

## اطلاق

1. اگر ہم ایمان سے راستباز ٹھہرائے جاتے ہیں اور ہماری راست بازی شریعت سے نہیں، یہ با ت خدا کے ساتھ ہمارے تعلقات کو کیسے بدل سکتی ہے؟
2. آپ کی ثقافت اور معاشرے کے لوگوں کے درمیان کون سی رکاوٹیں ہیں؟ دعا کریں کہ وہ رکاوٹیں مسیح میں ٹوٹ جائیں اور ایمانداوں میں حقیقی محبت و اتحاد قائم ہو۔
3. خدا سے کہیں اور دُعا کریں کہ وہ آپ پر ظاہر کرے کہ اگر آپ دوسروں کو معاشرتی ، نسلی یا جنسی فرق کی وجہ سے خُدا کے کنبے کا برابر حصہ دار نہیں سمجھتے ہیں۔خدا کے سامنے اِس کا اقرار کریں؛ خُدا سے معافی مانگنے اور اپنا رویہ تبدیل کرنے کے لئے اس سے درخواست کریں تاکہ آپ حقیقی معنوں میں تمام ایماندروں کو مسیح یسوع میں ایک جانے۔

## کورس 101 کا جائزہ

اس کورس کے پانچ اسباق کا جائزہ لیں۔ گروپ کے طور پر ، ایک اجتماعی ڈرائنگ بنائیں جو آپ نے سیکھا ہے اس کا خلاصہ بنائیں اور یہ بتائیں کہ اس نے آپ کی زندگیوں کو کس طرح متاثر کیا ہے۔

## شیئرکریں

اس ہفتے جو کچھ آپ نے سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں ۔ آپ کسی اور کے ساتھ دوبارہ سبق دُہراسکتے ہیں۔

✧